مستقبل اور ذلّت و نکبت کے تاریک دور کا سامنا ہے۔ ضروری ہے کہ اصحابِ علم و دانش ان مسائل پر قارئین کی رہنمائی کریں تاکہ تاریک رات' روشن صبح میں تبدیل ہو سکے۔

حالاتِ حاضرہ، اور اسلام کو درپیش چیلنج جیسے موضوعات سے دل چسپی رکھنے والے حضرات کے لیے یہ ایک معلوماتی کتاب ہے۔ (محمد ایوب منیر)

تعارف کتب

☆ مولانا سعید احمد خان' محمد عیسیٰ منصوری۔ ناشر: ورلڈ اسلامک فورم' لندن۔ ملنے کا پتا: ندوۃ المعارف' ۱۳- کبیر سٹریٹ' اُردو بازار' لاہور۔ صفحات: ۳۲۔ قیمت: ۱۵ روپے۔ [مولانا محمد الیاسؒ کے خاص تربیت یافتہ اور یکے از اکابر تبلیغی جماعت مولانا سعید احمد خان (۱۹۰۳ء-۱۹۹۸ء) کی ''شخصیت' احوال اور دینی خدمات'' کا مختصر مگر جامع' دل چسپ اور سبق آموز تذکرہ۔]

☆ اپنے حبیب سے ملیے' مولانا محمد عارف۔ ناشر: شعبہ جہاد کشمیر' تنظیم اساتذہ پاکستان۔ صفحات: ۱۶۰۔ قیمت: ۱۵ روپے۔ [احادیث کی روشنی میں رسولِ اکرمؐ کی شخصیت کا تذکرہ اور حیاتِ طیبہ کے مختلف پہلوؤں کا بیان--- ابتدائی ۵۰ صفحات کی تمہیدات ۳'۴ صفحات تک محدود و مختصر رہتیں تو کہیں بہتر تھا۔]

☆ اکابر کی شامِ زندگی' مرتب عماد الدین محمود۔ ناشر: القاسم اکیڈمی' جامعہ ابوہریرہ' نوشہرہ' صوبہ سرحد۔ صفحات: ۶۳۔ قیمت: ۲۴ روپے۔ [بعض علماے دیوبند کے آخری ایام و لحات کی کیفیات کا بیان کہ دنیا سے رخصت ہوتے وقت اُن کی حالت' گفتگو یا کیفیت یا کلمات کیا تھے؟ بقول مصنف: ''شاید ان واقعات کو پڑھ کر ہمارے اندر اعمالِ صالحہ کی انگیخت پیدا ہو جو خاتمہ بالخیر کا باعث بنے''۔]

☆ پارہ الم (۱)' مرتب: قاری جاوید انور صدیقی۔ ناشر: آسان قرآن و فہم دین تحریک' ۵۲۸' اے بلاک' بٹ چوک' تاج پورہ اسکیم' مغل پورہ' لاہور۔ صفحات: ۵۲۔ قیمت: درج نہیں۔ [پہلا پارہ' متن مع ترجمہ ''ایک ہی وقت میں لفظی و بامحاورہ آسان ترجمہ''۔ ایک اچھی کوشش۔]

☆ ترجمان الائمہ مدیر اعلیٰ: مصباح الرحمٰن یوسفی۔ ناشر: دعوۃ اکیڈمی' فیصل مسجد' پوسٹ بکس ۱۴۸۵' اسلام آباد۔ صفحات: ۱۶۔ قیمت: درج نہیں۔ [دعوۃ اکیڈمی ائمہ مساجد کے سہ ماہی تربیتی کورس منعقد کرتی ہے۔ یہ نیا سہ ماہی رسالہ (یا خبرنامہ) تربیت ائمہ کورس نمبر ۵۲ کے شرکا کے نام' خطوں' تاثرات' دورۂ لاہور کی روداد اور کچھ منتخب اقتباسات وغیرہ پر مشتمل ہے۔]